سوال

(429) نماز میں آنکھیں بند کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا خشوع کے ارادہ سے نماز میں آنکھوں کو بند کرنا جائز ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

فقہاء کے مکروہات نماز میں آنکھوں کے بند کرنے کو بھی ذکر کیا ہے کیونکہ یہ یہودیوں کا فعل ہے اور اس سے نیند آنے کا اندیشہ ہوتا ہے (منار السبیل) وغیرہ میں بھی اسی طرح لکھا ہے لیکن اگر اس سے دل زیادہ متوجہ ہو خشوع وخضوع زیادہ پیدا ہو سہو نسیان سے زیادہ دوری ہو اور وسوس سے بچ سکے تو یہ جائز ہے کیونکہ دل بھی اسی کے تابع ہوتا ہے جس پر نظر پڑتی ہے لیکن یاد رہے کہ نمازی کو حکم ہے کہ اس کی نظر سجدہ کی جگہ پر ہو۔ (شیخ ابن جبرین رحمۃ اللہ علیہ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ: جلد1

صفحہ نمبر 383

محدث فتویٰ